کتاب نما

ادارہ

قرآنیات پر نئی کتابیں

- رسائل الامام الفراہی فی علوم القرآن (المجموعۃ الاولی): الامام عبد الحمید الفراہیؒ

دائرہ حمیدیہ، مدرسۃ الاصلاح، سرائے میر، اعظم گڑھ۔ صفحات ۲۸۰، قیمت ۶۵ روپے۔

ترجمان القرآن امام عبد الحمید (حمید الدین) فراہیؒ کی تصنیفات ایک مدت سے نایاب تھیں۔ دائرہ حمیدیہ، مدرسۃ الاصلاح نے اس علمی سرمایہ کو پھر سے شائع کرنے کا منصوبہ بنایا ہے۔ زیر نظر مجموعہ اسی سلسلہ کی ایک کڑی ہے اور عربی میں مولانا فراہیؒ کی تین بنیادی کتابوں "دلائل النظام"، "اسالیب القرآن" اور "التکمیل فی اصول التاویل" پر مشتمل ہے۔

"دلائل النظام" میں نظم قرآن سے بحث کی گئی ہے اور اسے خود قرآنی دلائل و شواہد سے ثابت کیا گیا ہے۔ نیز نظم قرآن سے متعلق جملہ پہلوؤں کا احاطہ کیا گیا ہے۔

"اسالیب القرآن" میں قرآنی اسالیب پر قرآن مجید اور کلام عرب کی روشنی میں مفصّل بحث کی گئی ہے۔

"التکمیل فی اصول التاویل" میں تاویل و تفسیر قرآن کے مختلف طریقوں اور اس سے متعلق ضروری مسائل زیر بحث آئے ہیں۔

یہ مجموعہ ادارہ علوم القرآن (پوسٹ بکس نمبر ۹۹، سر سید نگر، علی گڑھ) میں بھی دستیاب ہے۔

- حدائق البیان فی معارف القرآن: مولوی عبد الغفور فاروقی

ناشر: مدحت کریم، محمد آباد گوہنہ، اعظم گڑھ، صفحات ۳۵۰

یہ کتاب ۳۰ ابواب پر مشتمل ہے جس میں حسب ذیل علوم و معارف بیان کئے گئے ہیں۔